# شادی اور گھرانوں کی معلومات

## پاکستان میں میاں بیوی کی عمر کا فرق: یہ فرق 35 سال سے تقریباً ایک جیسا ہے ، مگر آہستہ آہستہ کم ہو رہا ہے۔

عمر کے لحاظ سے پاکستان میں اوسطاً شوہر اپنی بیوی سے تقریباً 4 سے 5 سال بڑا ہوتا ہے۔





| 1990 | 2020 |
|---|---|
| **6.53** | **5.03** |

*Mean Husband-minus-wife age gap*

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

# پریس ریلیز

بگ ڈیٹا کا تجزیہ

## شادی اور گھرانوں کی معلومات

## پاکستان میں میاں بیوی کی عمر کا فرق: یہ فرق 35 سال سے تقریباً ایک جیسا ہے، مگر آہستہ آہستہ کم ہو رہا ہے۔

(اسلام آباد)، 15 ستمبر 2026

گیلپ پاکستان ڈیجیٹل اینالیٹکس نے یہ جاننے کے لیے 91-1990 سے 25-2024 کے درمیان کیے گئے آٹھ مختلف قومی سرویز کے اعداد و شمار کا جائزہ لیا۔ تاکہ یہ دیکھا جاسکے کہ میاں بیوی کی عمر کے فرق کے بارے میں ایک ہی نتیجہ مختلف سروے میں کس حد تک مستقل رہتا ہے، اور اور ایک اتنا بڑا ڈیٹا حاصل کیا جا سکے جس پر مکمل بھروسہ کیا جا سکے۔

ان آٹھ سروے میں مجموعی طور پر 2 لاکھ 14 ہزار سے زائد شادی شدہ جوڑوں کی معلومات کا جائزہ لیا گیا۔ ان میں 91-1990 میں ہونے والے PDHS سروے میں شادی شدہ جوڑوں کی تعداد 6,308، 05-2004 میں ہونے والے PSLM سروے میں شادی شدہ جوڑوں کی تعداد 64,599، 08-2007 میں ہونے والے HIES سروے میں شادی شدہ جوڑوں کی تعداد 13,455، 18-2017 میں ہونے والے PDHS سروے میں شادی جوڑوں کی تعداد 14,495 ، 19-2018 میں ہونے واالے HIES سروے میں شادی شدہ جوڑوں کی تعداد 21,227 ، پنجاب میں PHPS Baseline سروے میں ان کی تعداد 20,794، 25-2024 میں میں ہونے والے HIES سروے میں ان کی تعداد 25,432 اور 25-2024 میں LFS سروے میں ان کی تعداد 48,091 تھی۔

تمام سروے میں ایک بات واضح طور پر سامنے آئی: عمر کے لحاظ سے پاکستان میں اوسطاً شوہر اپنی بیوی سے تقریباً 4 سے 5 سال بڑا ہوتا ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ نتیجہ آبادی اور صحت، روزگار، اور گھریلو آمدن و اخراجات سے متعلق مختلف نوعیت کے قومی سروے میں بھی تقریباً یکساں رہا ہے، حالانکہ ان سروے کو مختلف ٹیموں، مختلف سوالناموں اور مختلف نمونہ سازی کے طریقوں سے کیا گیا تھا۔

وقت کے ساتھ ایک واضح لیکن آہستہ تبدیلی بھی نظر آتی ہے۔ 91-1990 میں میاں بیوی کی عمر کا اوسطاً فرق 6.5 سال تھا، جو 2017 کے بعد ہونے والے تمام سروے میں کم ہو کر تقریباً 5 سال رہ گیا ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ گزشتہ تین دہائیوں کے دوران شادیوں میں میاں بیوی کی عمر کا فرق آہستہ آہستہ کم ہوا ہے۔ اہم بات یہ ہے کہ یہ رجحان صرف ایک سروے میں نہیں بلکہ تقریباً 30 سال کے دوران کیے گئے مختلف سروے میں مسلسل نظر آیا ہے۔

قومی اوسطاً نتائج کے علاوہ چند اہم فرق بھی سامنے آئے۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں میاں بیوی کی عمر کا فرق نسبتاً زیادہ (تقریباً 5.2 سال) رہا ہے، جبکہ پنجاب اور سندھ میں یہ تقریباً 4.5 سال ہے۔ زیادہ تعلیم یافتہ بیویوں میں یہ فرق واضح طور پر کم ہے، اعلیٰ تعلیم یافتہ بیویوں میں شوہر اور بیوی کی عمر کا اوسط فرق تقریباً 3.8 سال ہے، جبکہ دیگر تعلیمی گروپوں میں یہ فرق 4.7 سے 4.9 سال کے درمیان ہے۔ قومی سطح پر شہری اور دیہی گھرانوں میں میاں بیوی کی عمر کے فرق میں تقریباً کوئی خاص فرق نظر نہیں آیا۔ یہ نتیجہ تعلیم اور صوبوں کے درمیان نظر آنے والے فرق کے مقابلے میں کچھ غیر متوقع تھا۔

ایک اہم بات یہ بھی سامنے آئی کہ اگرچہ آٹھوں سروے میں میاں بیوی کی عمر کا اوسط فرق تقریباً ایک جیسا رہا، لیکن ایسے جوڑوں کی شرح جن میں بیوی شوہر سے عمر میں بڑی تھی، مختلف سروے میں کافی مختلف نظر آئی۔ بعض سروے میں یہ شرح 2% سے بھی کم تھی، جبکہ کچھ میں 12% سے زیادہ۔ اس فرق کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔ زیادہ امکان یہی ہے کہ یہ فرق شادی کے اصل رجحانات کے بجائے مختلف سروے کے طریقہ کار اور ڈیزائن میں فرق کی وجہ سے ہو سکتی ہے۔

# The husband-wife age gap in Pakistan, verified across eight independent surveys


A gradual decline since 1990, but wide variation in how often wives are actually older

**ABOUT THIS ANALYSIS**

Computed independently from eight national surveys spanning three different instruments (PDHS, PSLM, HIES, LFS, PHPS) and 35 years, using each survey's own household/couple structure. Demographic breakdowns use PHPS (Punjab, education) and HIES 2024-25 (province/region, national).

## The gap has declined gradually since 1990

Mean husband-minus-wife age gap, by survey year




## Six surveys, one consistent average — but not a consistent share of wife-older couples

Husband's age minus wife's age, in years

| Survey | Year | N couples | Mean gap | Median gap | % wife older |
|---|---|---|---|---|---|
| PDHS | 1990-91 | 6,308 | 6.53 | 5.0 | 3.9% |
| PSLM | 2004-05 | 64,599 | 6.05 | 5.0 | 1.8% |
| HIES | 2007-08 | 13,455 | 5.63 | 5.0 | 4.1% |
| PDHS | 2017-18 | 14,495 | 5.15 | 4.0 | 7.1% |
| HIES | 2018-19 | 21,227 | 5.25 | 4.0 | 6.5% |
| PHPS (Punjab) | Baseline | 20,794 | 4.46 | 4.0 | 12.5% |
| HIES | 2024-25 | 25,432 | 4.67 | 4.0 | 11.4% |
| LFS | 2024-25 | 48,091 | 5.03 | 4.0 | 3.5% |

The average gap shows a gradual, consistent decline across survey years, but the share of couples where the wife is older ranges from 1.8% to 12.5% — a genuinely wider spread than the averages suggest. This likely reflects real differences in survey design rather than a behavioral difference across time or place, and should be read with more caution than the mean/median figures.

## Where the gap is bigger, and where it's smaller

Mean age gap, by province and by wife's education (national, unless noted)




**6.53 → ~4.9**
Mean gap, 1990-91 to recent surveys, across eight independent national surveys

**1.8-12.5%**
Share of couples where the wife is older — genuinely variable across surveys

**-0.9 yrs**
Gap for wives with higher education, vs. wives with no education

The gap is meaningfully wider in KP and Balochistan than in Punjab and Sindh, and meaningfully narrower among more educated wives — but nearly identical between urban and rural households nationally (HIES 2024-25: rural 4.45 yrs, urban 5.06 yrs), suggesting geography and education matter more here than the usual urban/rural divide.

*Sources: Pakistan Demographic and Health Survey (PDHS) 1990–91 and 2017–18; PSLM 2004–05; Pakistan HIES 2007–08, 2018–19, and 2024–25 (all PBS); Pakistan Labour Force Survey (LFS) 2024–25; Punjab Health and Population Survey (PHPS) Baseline. All figures computed independently by GDAP from each survey's own household/couple records.*

**Gallup Pakistan Digital Analytics**

*Source: Gallup Pakistan Digital Analytics; Pakistan Demographic and Health Survey (1990-91, 2017-18), PSLM 2004-05, Pakistan HIES (2007-08, 2018-19, 2024-25), Pakistan Labour Force Survey 2024-25, and Punjab Household Panel Survey (PHPS) Baseline. (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 15th September 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating
46
years
of Gallup Pakistan
(1980-2026)